| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: حُسنِ معاملات و معاشرت | سبق کا نام: اسلامی اخوت |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اسلامی اخوت کا معنی و مفہوم جان سکیں۔
- اسلامی اخوت کی اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے سوال کریں کہ نبی اکرم خاتم النبیین ﷺ نے مدینہ منوّرہ میں مسلمانوں کی آبادکاری کے مسئلے کے حل کے لیے کیا قدم اٹھایا؟ بچوں سے جواب لیں اور درست جواب پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ اسلامی تعلیمات میں اخوت کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ اخوت کا مطلب ہے کہ تمام مسلمان آپس میں مل جل کر رہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۶۴ کی پڑھائی کروائیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔
- طلبہ کو اخوت کا معنی و مفہوم بتائیں۔ اخوت کے معنی ''بھائی چارے'' کے ہیں۔ اسلامی اخوت سے مراد ہے دنیا بھر کے مسلمان بھائی بھائی ہیں۔
- اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی بنیاد ہی اخوت کو کہا ہے۔ دینِ اسلام میں اخوت کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ دین اسلام نے تمام انسانوں کو برابر قرار دیا ہے۔ کوئی مسلمان کسی دوسرے مسلمان پر رنگ، نسل، زبان کی بنیاد پر فوقیت نہیں رکھتا۔
- نبی اکرم خاتم النبیین ﷺ کی بہت سی احادیث میں بھی اخوت اسلامی کو بیان کیا گیا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک (کامل) مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اپنے (مسلمان) بھائی کے لئے وہی چیز پسند نہ کرے۔ جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے''۔ (صحیح بخاری)

- انھیں بتائیں حقیقی مسلمان کی نشانی یہ ہے کہ اس کی ذات سے کسی مسلمان کو اذیت و تکلیف نہیں پہنچتی بلکہ ہر حالت میں سے راحت و سکون اور سلامتی ملتی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فوقیت | فو۔قِ۔یَت | ترجیح دینا |
| تقویٰ | تق۔وا | پرہیزگاری |

**اعادہ:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) سے سوالات کے جوابات طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اخوت کے عنوان پر چارٹ بنائیں اور استادِ محترم کو دکھائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:پنجم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:3 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام:اسلامی اخوت | باب پنجم: حسن معاملات و معاشرت |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اسلامی اخوت کے فوائد سے آگاہ ہو سکیں اور روزمرہ کی زندگی میں اخوت و بھائی چارے کی فضا قائم کر سکیں۔
- سیرت النبی خاتم النبیین ﷺ اور سیرتِ صحابہ رضی اللہ تعالی عنہم سے اخوت کے واقعات جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضور خاتم النبیین ﷺ نے اخوت کی بہترین مثال ہجرتِ مدینہ کے موقع پر قائم کی۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے مہاجرین کو انصار کا بھائی بنا دیا۔ مواخاتِ مدینہ قیامت تک کے مسلمانوں کے لیے اخوت کی بہترین مثال ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۶۴ تا ۶۵ بقیہ متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو مواخاتِ مدینہ کے بارے میں بتائیں کہ نبی اکرم خاتم النبیین ﷺ کا یہ عظیم الشان کارنامہ ہے کہ آپ خاتم النبیین ﷺ نے امت مسلمہ کو "رشتہ مواخات" کی ایک لڑی میں پرو دیا۔ جب آپ خاتم النبیین ﷺ اور مسلمانوں نے مکّہ مکرمہ سے مدینہ منوّرہ ہجرت فرمائی تو مسلمان بالکل بے سروسامانی کی حالت میں تھے۔ نہ ان کے گھر بار تھے اور نہ ہی دوسری ضروریات زندگی کا کوئی انتظام تھا۔ اس موقع پر اللہ کے پیارے رسول حضور خاتم الانبیاء خاتم النبیین ﷺ نے انصار اور مہاجرین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

کے درمیان (بھائی چارہ) قائم فرمایا اور ایک صحابی کو دوسرے صحابی کا دینی و اسلامی بھائی بنا دیا۔ جسے مہاجرین و انصار کے درمیان مواخات اور بھائی چارے کا نام دیا جاتا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ اسلامی عبادات بھی اخوت کا بہترین مظہر ہیں۔ تختۂ تحریر پر اسلامی عبادات کے نام لکھیں، اور انھیں بتائیں مسلمان پانچ وقت نماز کے لیے مسجد میں اکٹھے ہوتے ہیں۔ جہاں وہ اللہ کی عبادت کرتے ہیں وہیں ایک دوسرے کے حال احوال سے بھی واقف ہوتے ہیں۔ اسی طرح حج کے موقع پر دنیا بھر کے مسلمان بغیر رنگ و نسل کی تفریق کے، ایک ہی لباس میں مناسکِ حج ادا کرتے نظر آتے ہیں۔
- طلبہ کو متن کے حوالے سے اسلامی اخوت کے فوائد بتائیں:
  - اخوت مسلمانوں کے اتحاد کی علامت ہے۔
  - اخوت سے ہی ایک دوسرے کی مدد، خیر خواہی، ایثار و قربانی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
  - اخوت سے مضبوط معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کا سوال (۲) کا جواب طلبہ سے زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کروائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

موجودہ دور میں اخوت کی اہمیت و ضرورت کے عنوان پر ایک تقریر تیار کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: حسن معاملات و معاشرت | سبق کا نام: چُغل خوری |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- چُغل خوری کے معنی و مفہوم سے واقف ہو سکیں۔
- چُغل خوری کے متعلق وعید جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ اور انسان کو یہ صلاحیت عطا کی ہے کہ وہ اپنی بات کو دوسروں تک پہنچا سکتا ہے۔ انھیں بتائیں جب ہم کسی سے کوئی بات سنتے ہیں تو اس بات کے امین بن جاتے ہیں اگر اس بات کو آگے پہنچانے میں دین و دنیا کو کوئی فائدہ ہو تو ایسا کرنے میں کوئی خرچ نہیں۔ لیکن اگر اس بات کو دوسروں تک پہنچانے میں لوگوں کے درمیان اختلاف پیدا ہونے کا امکان ہو تو ایسا کرنا خیانت میں شمار ہوگا۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ٦٧ سے متن پڑھائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں اصطلاح میں چُغل خوری سے مراد و افراد کو ایک دوسرے کی باتیں بتا کر ان کے درمیان اختلاف پیدا کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں چُغل خوری کی بہت مذمت کی ہے اور اس عمل کو اختیار کرنے والے شخص کو بربادی کی نوید سنائی ہے۔
- نبی اکرم خاتم النبیین ﷺ کا ارشاد ہے: اللہ تعالیٰ کے بندوں میں بدترین لوگ وہ ہیں جو چُغل خوری کرتے ہیں۔ دوستوں کے درمیان جدائی اور فساد ڈالتے ہیں اور بے عیب لوگوں میں عیب ڈھونڈتے ہیں۔

- انھیں بتائیں چُغل خوری زبان کے گناہوں میں سے بڑا گناہ ہے۔ یہ نفیس کی بیماری ہے۔اس سے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں اور یہ بیماری انسان کو اللہ تعالیٰ کا قرب پانے سے روکتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں ایسا شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین ہے جو چُغلی کرے، مسلمان بھائیوں میں تفریق پیدا کرے اور پاک باز لوگوں میں برائیاں تلاش کرے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| رنجش | رَن۔ جش | دشمنی |
| فتنہ | فت۔نہ | شر |
| تفریق | تف۔ریق | فرق |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (ا) سے طلبہ سے سوالات کے جوابات زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اچھی اور بُری عادات کی فہرست تیار کریں۔